31-05-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلہ کے تحت 57 لوک سبھا سیٹوں پر کل رائے دہی ہوگی۔

☆بی جے پی لیڈروں نے فون ٹیاپنگ کیس کی تحقیقات سی بی آئی سے کرانے کی مانگ کی۔

☆محکمہ اسکولی تعلیم کا پروگرام بڑی باٹا پیر سے شروع ہوگا اور 19 جون تک جاری رہے گا۔

☆تلنگانہ کے چند مقامات پر کل سے آئندہ چار دنوں تک گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلہ کے تحت سات ریاستوں اور ایک یونین ٹریٹری کی 57 لوک سبھا سیٹوں پر کل رائے دہی ہوگی۔ صبح سات بجے سے رائے دہی کا آغاز ہوگا۔ کل ہونے والی پولنگ کے دوران وزیراعظم نریندر مودی سمیت بی جے پی کے سینئر لیڈر و مرکزی وزیر انوراگ ٹھاکر، کانگریس لیڈر وکرم آدتیہ سنگھ اور ترنمول کانگریس کے لیڈر ابھیشک بنرجی سمیت دیگر امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ ہوگا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے شفاف اور آزادانہ انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریاستی بی جے پی قائدین نے آج دھرنا چوک اندرا پارک حیدرآباد میں احتجاج کیا اور ریاستی حکومت سے فون ٹیاپنگ معاملہ کی جامع تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا۔ بی جے پی او بی سی مورچہ کے صدر اور راجیہ سبھا رکن ڈاکٹر لکشمن سمیت پارٹی کے دیگر سینئر لیڈران نے اس احتجاج میں حصہ لیا۔ بی جے پی لیڈروں نے اس کیس کی تحقیقات سی بی آئی سے کرانے کی مانگ کی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اس کیس کے حقیقی ملزمین کو پکڑنے کیلئے سنجیدہ اقدامات اب تک نہیں کئے گئے ہیں اور بی جے پی لیڈروں نے یہ بھی الزام لگایا کہ فون ٹیاپنگ کیس کے اہم سازشی سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ ہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ ملزم کی جانب سے کئے گئے انکشافات کے باوجود ریاستی حکومت کیوں کارروائی نہیں کر رہی ہے۔ بی جے پی لیڈروں کے مطابق وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی خود بھی فون ٹیاپنگ کیس سے متاثر ہوئے ہیں لیکن پھر بھی وہ کیوں خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے چند مقامات پر کل سے آئندہ چار دنوں تک گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ سات دنوں تک ریاست کے مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک ہوسکتی ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے ایک یا دو مقام پر بارش ہوئی ہے۔ کھمم میں کل اعظم ترین درجہ حرارت 44.5 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

عادل آباد کے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس غوث عالم نے خصوصی ٹیمیں تشکیل دیں اور منڈل کی سطح پر کپاس کی بیجوں کے ذخیرہ پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ انہوں نے محکمہ زراعت کے عہدیداروں کے ہمراہ ضلع کے کئی گوداموں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے عالم نے کہا کہ محکمہ پولیس اور ریونیو کی خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں تا کہ ضلع میں کپاس کی بیجوں کے ذخیرہ کو روکا جاسکے۔ انہوں نے گوداموں میں موجود کپاس کی بیجوں کی تفصیلات حاصل کیں۔ ایس پی نے کہا کہ شنکر گوڑہ، آنند پور، پیپر واڑہ، لکشمی پور اور گھن پور میں چیک پوسٹ قائم کئے گئے ہیں تا کہ پڑوسی ریاست مہاراشٹرا سے عادل آباد بیجوں کی اسمگلنگ کو روکا جاسکے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے حیدرآباد ضلع کے تمام خانگی اسکول انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ اسکول کے احاطہ میں یونیفارم،شوز، بیالٹ وغیرہ فروخت نہ کرے۔DEO نے کہا کہ اسکول کاؤنٹر پر اگر کتابیں یا اسٹیشنری فروخت کی جارہی ہے تو وہ غیر تجارتی اساس پر ہونی چاہئے۔حکومت نے کہا کہ ریاست کے تمام ڈی ای اوز منڈل سطح پر کمیٹی تشکیل دے تا کہ خانگی اسکولوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھی جاسکے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد سٹی کمشنر سرینواس ریڈی نے عیدالاضحیٰ کے پیش نظر مختلف سرکاری محکموں کے عہدیداروں کے ہمراہ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔بنجارہ ہلز میں واقع کمانڈ کنٹرول سنٹر میں اجلاس منعقد ہوا۔اس دوران پولیس کمشنر نے کہا کہ شہر واس کے اطراف واکناف چیک پوسٹ قائم کئے جائیں گے تا کہ شہر میں غیر قانونی طور پر مویشی کی منتقلی کو روکا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ مویشی کی منتقلی کیلئے وٹرنری ڈاکٹر کا سرٹیفکیٹ لازمی رہے گا۔غیر قانونی طور پر مویشیوں کی منتقلی کرنے والی گاڑیوں کو ضبط کرلیا جائے گا اور جانوروں کو جی ایچ ایم سی کے گاؤشالوں کو منتقل کردیا جائے گا۔پولیس کمشنر نے کہا کہ مویشیوں کی گاڑی کی چیکنگ کے معاملہ میں لوگ قانون کو اپنے ہاتھ میں نہ لیں۔انہوں نے محکمہ افزائش مویشیاں اور جی ایچ ایم سی کے حکام سے کہا کہ وہ چیک پوسٹ پر وٹرنری ڈاکٹروں کی تعیناتی کو یقینی بنائیں۔عیدالاضحیٰ کے موقع پر کچرہ، جانوروں کے ڈھانچہ وغیرہ کو اٹھانے کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں اور اس کیلئے درکار عملہ اور مشنری کو دستیاب رکھا جائے۔

☆☆☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے سینٹ میری اسکول میں آرک بشپ تومابالا کو خراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے تومابالا کی خدمات کو یاد کیا۔انہوں نے کہا کہ آرک بشپ نے امن،فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا پیغام عام کیا اور تعلیم کے میدان میں بھی اہم خدمات انجام دیں۔ریونت ریڈی نے آرک بشپ کے ساتھ ان کے ذاتی روابط کا بھی تذکرہ کیا اور کہا کہ گزشتہ لوک سبھا انتخابات اور ریاست میں حکومت کی تشکیل میں بھی انہیں آرک بشپ کا آشیروادرہا۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد سٹی ٹرافک پولیس نے تلنگانہ کے یوم تاسیس کی فل ڈریس ریہرسل کیلئے ٹرافک اڈوائزری جاری کی ہے۔گن پارک نامپلی سکندرآباد پریڈگراؤنڈس اور ٹینک بنڈ پر آج شام ریہرسل کی جائے گی اور آج شام سات بجے سے نو بجے کے درمیان اپر ٹینک بنڈ کے پاس ٹرافک کی اجازت نہیں رہے گی۔رانی گنج اور آر پی روڈ سے اپر ٹینک بنڈ جانے والی ٹرافک کو کربلا جنکشن کے پاس موڑ دیا جائے گا۔اقبال مینار اور لیبرٹی سے اپر ٹینک بنڈ جانے والی ٹرافک کو لوور ٹینک بنڈ تلگو تلی فلائی اور رکی جانب موڑ دیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی سکریٹری برائے صحت اپروواچندرا نے کہا کہ تمبا کو انسانی صحت کیلئے خطرناک ہے۔نئی دہلی میں تمبا کو مخالف مہم کے موقع پر ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اپرواچندرا نے کہا کہ تمبا کو سے متعلق ہونے والی بیماریوں سے ہندوستان میں تیرہ لاکھ اموات ہر سال ہوتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں تمبا کو کے استعمال کو کم کرنے کیلئے مقامی علاقائی اور قومی وعالمی سطح پر حکومت کی جانب سے مناسب اقدامات کئے جارہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

محکمہ اسکولی تعلیم کا پروگرام بڈی باٹا پیر سے شروع ہوگا اور 19 جون تک جاری رہے گا۔اس پروگرام کا مقصد اسکول نہ جانے والے بچوں کی نشاندہی کرتے ہوئے انہیں قریبی اسکولوں میں داخلہ دلانا ہے۔اس پروگرام کے ذریعہ جہاں اسکولوں میں بچوں کی تعداد میں اضافہ کرنا ہے ساتھ ہی کمیونٹی کی شراکت سے سرکاری اسکولوں کو مستحکم کرنا ہے۔اس پروگرام کے دوران سرکاری اسکولوں کے بچوں کو حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی مختلف سہولیات جیسے کتابیں، یونیفارم، مڈے میل اور دیگر ضروری سامان کی فراہمی کے بارے میں بتایا جائے گا۔ضلع کلکٹر محکمہ تعلیم کے افسران، ہیڈ ماسٹرس اور اساتذہ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اس پروگرام کے موثر نفاذ کیلئے منصوبہ تیار کرے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ انکم ٹیکس نے جاریہ لوک سبھا انتخابات کے دوران ریکارڈ 1 ہزار 100 کروڑ روپے مالیت کی نقدی اور زیوارات ضبط کئے ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق عام انتخابات 2019 کے مقابلے اس مرتبہ ضبط کی گئی رقم 182 فیصد زیادہ رہی۔ گزشتہ انتخابات میں 390 کروڑ روپے مالیت کی رقم اور زیوارات ضبط کئے گئے تھے۔

☆☆☆☆☆